367

29:سورۃ العنکبوت

ترتیبِ تلاوت	نام سورہ	مکی / مدنی	تعداد رکوع	آیات	پارہ شمار	نام پارہ
29	سُوۡرَۃُ الۡعَنۡکَبُوۡت	مکی	7	69	20	اَمَّنۡ خَلَقَ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

آیات نمبر 1 تا 11 میں اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ حق کی راہ میں چلنے والوں پر اللہ کی طرف سے آزمائشیں لازماً پیش آتی ہیں، جو مومن اور منافق میں فرق ظاہر کر دیتی ہیں۔ اللہ نے آج جن لوگوں کو مہلت دے رکھی ہے وہ یاد رکھیں کہ وہ اللہ کی گرفت سے باہر نہیں نکل سکتے اور جن لوگوں پر ظلم ہو رہا ہے انہیں بہت بڑے اجر کی بشارت۔ والدین سے نیک سلوک کی تلقین لیکن شرک کے معاملہ میں ان کی بات نہ ماننے کی تاکید۔ ان آزمائشوں کو منافق اللہ کا عذاب قرار دیتے ہیں۔

الٓمّٓ ﴿١﴾ الف، لام، میم (ان حروف مقطعات کے حقیقی معنیٰ اللہ اور رسول اللہ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم ہی جانتے ہیں) اَحَسِبَ النَّاسُ اَنۡ یُّتۡرَکُوۡۤا اَنۡ یَّقُوۡلُوۡۤا اٰمَنَّا وَ ہُمۡ
لَا یُفۡتَنُوۡنَ ﴿٢﴾ کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ صرف زبان سے اتنا کہہ دینے پر
چھوڑ دیے جائیں گے کہ ہم ایمان لے آئے اور وہ کبھی آزمائش میں نہ ڈالے جائیں
گے بلکہ انھیں جان و مال کی تکالیف اور دیگر آزمائشوں کے ذریعہ سے جانچا پرکھا جائے گا تاکہ
کھرے کھوٹے کا اور مومن و منافق کا فرق واضح ہو جائے۔ وَ لَقَدۡ فَتَنَّا الَّذِیۡنَ مِنۡ
قَبۡلِہِمۡ فَلَیَعۡلَمَنَّ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ صَدَقُوۡا وَ لَیَعۡلَمَنَّ الۡکٰذِبِیۡنَ ﴿٣﴾ اور ہم تو
ان لوگوں کی بھی آزمائش کر چکے ہیں جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں، پس اللہ ان
لوگوں کو ضرور ظاہر کر کے رہے گا جو اپنے دعویٰ ایمان میں سچے ہیں اور ان لوگوں کو

بھی ظاہر کر کے رہے گا جو جھوٹے ہیں اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ
اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۴ کیا برائیوں کا ارتکاب کرنے والے لوگ
یہ گمان رکھتے ہیں کہ وہ ہماری گرفت سے نکل کر کہیں بھاگ جائیں گے؟ کتنا غلط خیال
ہے یہ ان کا مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَ هُوَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۵ جو شخص اللہ سے ملاقات کی امید رکھتا ہے وہ سن لے کہ اللہ
کا مقرر کردہ وقت ضرور آنے والا ہے اور وہ سب کچھ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا
ہے وَ مَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝۶
اور جو شخص اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کرتا ہے تو وہ اپنے ہی
فائدہ کے لئے کرتا ہے ورنہ اللہ تو تمام جہان والوں سے بے نیاز ہے وَ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ لَنَجْزِيَنَّهُمْ
اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۷ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے
رہے تو ہم ضرور ان کے گناہ زائل کر دیں گے اور جو نیک عمل وہ کرتے رہے ہیں ہم
ان کا بہترین بدلہ عطا فرمائیں گے وَ وَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَ اِنْ
جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اور ہم نے انسان کو
اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے لیکن اگر وہ تجھے مجبور کریں کہ
تو کسی ایسی ہستی کو ہمارا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے علم نہیں تو ان کی اطاعت نہ کر
[تفصیل کے لئے: ضمیمہ -- والدین کے حقوق] اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا

كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۸﴾ اور بالآخر تم سب کو ہماری ہی طرف واپس لوٹ کر آنا ہے، پھر
ہم تمہیں بتا دیں گے کہ تم لوگ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے تھے وَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدۡخِلَنَّهُمۡ فِي الصّٰلِحِيۡنَ ﴿۹﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور
نیک اعمال کرتے رہے تو ہم انہیں ضرور صالحین کے گروہ میں شامل فرما دیں گے وَ
مِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّقُوۡلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوۡذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتۡنَةَ
النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ اور کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو زبان سے تو کہہ دیتے ہیں
کہ ہم اللہ پر ایمان لائے لیکن جب انہیں اللہ کی راہ میں لوگوں کی طرف سے کوئی
تکلیف پہنچائی جاتی ہے تو وہ اس تکلیف کو اللہ کی طرف سے عذاب کی طرح سمجھتے ہیں
وَلَئِنۡ جَآءَ نَصۡرٌ مِّنۡ رَّبِّكَ لَيَقُوۡلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمۡ ؕ اور اے پیغمبر
(صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّم)! اگر آپ کے رب کی مدد آ پہنچے اور مسلمانوں کو فتح نصیب ہو جائے تو یہی
لوگ مسلمانوں سے کہنے لگتے ہیں کہ ہم تو تمہارے ہی ساتھ تھے اَوَلَيۡسَ اللّٰهُ
بِاَعۡلَمَ بِمَا فِيۡ صُدُوۡرِ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۰﴾ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ اللہ ان تمام چیزوں
کو جانتا ہے جو ساری دنیا کے لوگوں کے سینہ میں چھپی ہوئی ہیں وَلَيَعۡلَمَنَّ اللّٰهُ
الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَلَيَعۡلَمَنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ ﴿۱۱﴾ اللہ ان لوگوں کو ظاہر کر کے رہے گا
جو سچے مومن ہیں اور ان کو بھی جو منافق ہیں۔

[#367]

نام پارہ	پارہ شمار	آیات	تعداد رکوع	مکی / مدنی	نام سورہ	ترتیبِ تلاوت
اَمَّنْ خَلَقَ	20	69	7	مکی	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْت	29

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

In the Name of Allah, the Most Beneficent, the Most Merciful.

In verses 1 to 11, it is pointed out that those who walk the path of truth will inevitably face trials from Allah, which clearly distinguish between the believers and the hypocrites. Those whom Allah has granted respite today, should remember that they cannot escape His grasp. Those who are being wronged are given the glad tidings of a great reward. There is an exhortation to treat parents kindly, but it is emphasized that in matters of shirk (associating partners with Allah), one should not obey them.

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾

Alif -Lãm- Mĩm

[Only Allah and the Messenger know the real meanings].

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَ هُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿۲﴾

Do people think that they will be left [simply] to say, 'We believe,' and they will not be put to any test?

Rather, they will be tested through hardships in their lives and wealth, and other trials, so that the genuine can be distinguished from the false, and the difference between the believer and the hypocrite becomes clear.

وَ لَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳﴾

And We certainly tested [all] those who came before them. Thus, Allah shall surely distinguish those who are truthful [in their claim of faith], and He shall surely distinguish the liars.

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۴﴾

As for those, who commit evil deeds, do they think that they can escape Us? How wrong is the judgment they make!

مَنۡ كَانَ يَرۡجُوۡا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَ هُوَ
السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ۝٥

Whoever has hope in the meeting of Allah [and his reward in the Hereafter], then [let them know that] the appointed time of Allah shall certainly come. And He is the All-Hearing, the All-Knowing.

وَ مَنۡ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفۡسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ عَنِ
الۡعٰلَمِيۡنَ ۝٦

And whoever strives [for the pleasure of Allah], strives only for [the benefit] of his own soul. Indeed, Allah is [self-sufficient and] free of all need from all the worlds.

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ
سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝٧

And as for those, who believe and do righteous deeds, We shall surely absolve them from their misdeeds. Moreover, We shall certainly reward them according to the best they have ever done.

وَ وَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَ اِنْ جَاهَدٰكَ
لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ

And We have commanded man to be good to his parents. But if they urge you to associate with Me [in worship] that of which, you have no knowledge, then do not obey them.

اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۝٨

[At last] To Me, you will [all] return, and then I shall tell you of all that you have been doing [in the world].

وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِی
الصّٰلِحِیْنَ۝٩

And as for those who believe and do righteous deeds, We shall surely admit them [to paradise] among the righteous.

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَاۤ اُوْذِیَ فِی اللّٰهِ
جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ

And there are some people who say, 'We believe in Allah,' but when they suffer [harm] in the cause of Allah, they consider this persecution from people, as if it were punishment from Allah.

وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ

And, but if victory comes from your Lord [O Prophet!], they (the hypocrites) will say, 'we have always been with you.'

اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾

Is it not a fact, that Allah knows all that is hidden within the hearts of the people of all the worlds?

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾

Allah shall surely make evident those who are true believers, and He shall surely make evident the hypocrites.